**25-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................آفتاب احمد

------------------------------

**Music**

------------------------------

☆ کرناٹک میں KRPP لیڈر جی جناردن ریڈی نے اپنی پارٹی کو BJP میں ضم کر دی ہے۔ کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے پانچ امیدواروں کی چھٹی فہرست جاری کی ہے۔

☆ رنگوں کا تہوار ہولی ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔

☆ فلپائن نے جنوبی چینی سمندر میں جارحانہ کارروائیوں کے خلاف احتجاج درج کرانے کیلئے چین کے سفیر کو طلب کیا ہے۔

☆ ٹینس میں روہن بوپنّا اور میتھو ایبڈن کی بھارت-آسٹریلیائی جوڑی، امریکہ کے فلوریڈا میں میامی ماسٹرس ٹورنامنٹ کے دوسرے مرحلے میں داخل ہوگئی ہے۔

☆ اور...... IPL کرکٹ میں رائل چیلنجرس بینگلور اور پنجاب کنگس کے درمیان میچ جاری ہے۔

------------------------------

**Music**

------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Janardhana Reddy BJP**

کرناٹک میں KRPP لیڈر جی جنادھن ریڈی نے اپنی پارٹی کو آج بھارتیہ جنتا پارٹی میں ضم کر دیا ہے اور اگلے لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنی اہلیہ سمیت دوبارہ BJP میں شامل ہوگئے ہیں۔ انھوں نے پارٹی لیڈر BS یدی یوروپا اور ریاستی BJP صدر، بی وائی وجیندر کی موجودگی میں پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ ریڈی نے کہا کہ وہ کسی شرط کے بغیر پارٹی میں شامل ہوئے ہیں اور وہ کوئی عہدہ نہیں چاہتے۔

ایک دوسری سیاسی پیش رفت میں کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے پانچ امیدواروں کی ایک فہرست جاری

کی ہے۔ راجستھان میں پرہلاد گنجال، کوٹا سے، رام چندر چودھری اجمیر سے اور سدرشن راوت، راج سمند سے چناؤ لڑیں گے۔ پارٹی نے وکیل سی رابرٹ بروس کو تمل ناڈو کے تیرون ویلی حلقے سے امیدوار بنایا ہے۔

البتہ پوڈوچیری میں آج 8 نامزدگیاں داخل کی گئیں۔ وہاں 19 اپریل کو لوک سبھا انتخابات ہوں گے۔

منی پور میں منی پور باہری پارلیمانی حلقے سے ناگا پیپلز فرنٹ کے امیدوار K Thimothy Zimik اور منی پور پیپلز پارٹی کے منی پور داخلی پارلیمانی حلقے کے امیدوار R K Somendro نے آج اپنے پرچے داخل کیے۔ x

## Rev Jaishankar Singapore

وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے آج سنگا پور کے وزیراعظم Lee Hsien Loong سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں لیڈروں نے بھارت-بحرالکاہل اور مغربی ایشیا پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ شوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت کے تعلقات سے متعلق اُن کے مثبت خیالات، ہمارے تعلقات کے لیے ہمیشہ ہی قوت کا ایک ذریعہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت دنیا کی موجودہ صورتحال سے متعلق سنگاپور کے وزیراعظم کے نظریات کی قدر کرتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر سنگاپور کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ اِس سے قبل وزیر خارجہ نے سنگاپور کے امور خارجہ کے وزیر Vivian Balakrishnan سے بھی ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران انہوں نے بھارت اور سنگاپور کے باہمی تعاون کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔x

## Ujjain Fire

مدھیہ پردیش میں، آج صبح اجین کے مقدس مہا کالیشور مندر میں آگ لگ گئی۔ یہ حادثہ بھسما آرتی کے دوران پیش آیا۔ اس واقعے میں پجاریوں سمیت کم از کم 14 افراد زخمی ہوئے۔ زخمیوں کو اندور اور اجین کے اسپتالوں میں داخل کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے زخمی افراد کے لیے ایک لاکھ روپے فی کس کی نقد امداد اور مفت علاج کا اعلان کیا ہے۔x

## Holi

رنگوں کا تہوار ہولی، آج پورے ملک میں منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار برائی پر بھلائی کی جیت کی علامت ہے اور اِسے موسمِ بہار کی آمد پر منایا جاتا ہے۔ اس دن لوگ ایک دوسرے کو گولال اور رنگ لگاتے ہیں، مٹھائیاں تقسیم کرتے ہیں اور بزرگوں سے آشیرواد لیتے ہیں۔

ہولی کی خوشی برَج منڈل سے لے کر ایودھیا دھام تک پورے اترپردیش میں دکھائی دے رہی ہے۔ پنجاب میں پاکستان سے لگی بھارتی سرحد پر مأمور سرحدی سکیورٹی فورس کے اہلکاروں نے مختلف سرحدی چوکیوں پر ایک دوسرے کو گولال لگاکر ہولی منائی۔

**Delhi Elerocuted**

دلی کے منڈاولی علاقے میں، ہولی تقریبات کے دوران ایک ہائی ٹیشن وائر سے بجلی کا جھٹکا لگنے سے چھ افراد زخمی ہوگئے۔ خبر کے مطابق ایک خاتون سمیت تین افراد کی حالت تشویشناک ہے۔ مقامی پولیس، ایمبولینس اور فائر برگیڈ فوری طور پر جائے حادثے پر پہنچ گئے اور زخمیوں کو صفدر جنگ اسپتال لے جایا گیا۔×

**cong Sixth List**

کانگریس نے آئندہ لوک سبھا انتخابات کے لیے پانچ امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ راجستھان میں، پرہلاد گنجال کوٹا سے انتخاب لڑیں گے، جبکہ رام چندر چودھری اجمیر اور سدرشن راوت Rajsamand حلقوں سے انتخاب لڑیں گے۔ پارٹی نے ایڈوکیٹ سی رابرٹ گرس کو تمل ناڈو کے Tirunelveli سے میدان میں اتارا ہے۔×

**India Pak IPU**

بھارت نے دہشت گردی کی حمایت کرنے کے لیے یہ کہتے ہوئے پاکستان پر شدید نکتہ چینی کی ہے کہ اسلام آباد پر دہشت گردی کی فیکٹریوں کو ختم کرنے کے لیے زور ڈالنا چاہیے، جو جموں و کشمیر میں سرحد پار سے دہشت گردانہ حملے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ نئی دلی نے کہا کہ اسلام آباد کی دہشت گردی کو پناہ دینے، اس کی مدد کرنے اور فعال طور پر اُس کی اعانت کرنے کی مصدقہ تاریخ ہے۔ یہ بات راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش نے کل جنیوا میں بین پارلیمانی یونین کی 148 ویں اسمبلی کے دوران پاکستان کے خلاف جواب دینے کے حق کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے ذریعے قرار دیے گئے دہشت گردوں کی سے سب سے بڑی تعداد کی اعانت کرنے کا ریکارڈ رکھتا ہے۔

انہوں نے مزید کہاکہ عالمی دہشت گردی کی علامت اوسامہ بن لادین بھی پاکستان میں ہی پایا گیا تھا۔ ×

**IMD Forecast**

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، سکم اور ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال میں کل تک مسلسل بارش اور گرج چمک ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ گنگا کے طاس میں مغربی بنگال میں بھی ہلکی سے اوسط درجے کی بارش اور گرج چمک ہونے کا امکان ہے۔IMD نے جموں، کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، ہماچل پردیش اور اترا کھنڈ میں جمعہ کے روز ہلکی بارش اور برفباری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ اِسی دوران موسمیات کے دفتر نے آئندہ تین دنوں کے دوران شمال مغربی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسئس اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔ جنوبی راجستھان، مدھیہ پردیش، گجرات، مہاراشٹر، آندھرا پردیش، تلنگانہ، کرناٹک، کیرالہ اور تمل ناڈو میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 36 سے 40 ڈگری سیلسیئس کے درمیان رہے گا۔ ×

## Philppines China

فلپائن نے جنوبی چینی سمندر میں ''جارحانہ کارروائیوں'' کے خلاف احتجاج درج کرانے کیلئے چین کے سفیر کو طلب کیا ہے۔ فلپائن کے وزیر دفاع نے اپنی وسیع خود مختاری کے دعوؤں کو مضبوط کرنے کیلئے چین کو بین الاقوامی ثالثی عدالت میں لانے کی بھی دھمکی دی۔ وزارت خارجہ نے چین کے ساحلی گارڈ کی طرف سے ایک سویلین کشتی کے خلاف پانی سے بھرے غبارے استعمال کرنے کا الزام لگایا۔ یہ واقعہ ہفتے کو Second Thomas Shoal میں اس کشتی پر پیش آیا جس میں فوجی سوار تھے۔ اِس واقعے میں کشتی تباہ ہوگئی اور کچھ لوگ زخمی بھی ہوئے۔

فلپائن کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اپنے خصوصی اقتصادی زون میں فلپائن کی معمول کی اور قانونی کارروائیوں میں چین کی لگاتار مداخلت ناقابل قبول ہے۔

بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اس طرح کی کارروائیاں فلپائن کے خود مختار قوانین اور دائرہ اختیار علاقے میں مداخلت ہے اور مطالبہ کیا کہ چینی کشتیاں علاقے چھوڑ دیں۔ x

## Rev UNSC Gaza

پاکستان نے، تقریباً دس لاکھ باضابطہ دستاویز رکھنے والے افغانیوں کو واپس افغانستان بھیجنے کی اپنی بازآبادکاری کی مہم کا دوسرا مرحلہ شروع کر دیا ہے۔ اِسی کے ساتھ ضلع حکام اور پولیس کو احکامات دیئے گئے ہیں کہ وہ ملک بھر میں اِن لوگوں کو تلاش کریں اور ان کے بارے میں اعداد و شمار جمع کریں۔ رپورٹ نے کہا کہ صورتحال سے متعلق ایک سرکاری ذرائع نے بتایا ہے کہ ضلع انتظامیہ اور پولیس کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ وہ، افغان سیٹیزن کارڈ، ACC رکھنے والوں کی تفصیلات منضبط کرنے کے کام میں تیزی لائیں۔ ابھی تک کسی بھی اعداد و شمار کا اعلان نہیں کیا گیا ہے البتہ ایک سرکاری افسر نے کہا کہ پاکستانی وفاقی حکومت کی جانب سے عمل درآمد کرنے کے احکامات ملنے

کے بعد ACC رکھنے والوں کی بازآبادکاری کی مہم کا کام، موسم گرما کے اوائل سے وسط موسم گرما میں شروع ہو سکتا ہے۔ خیبر پختونخواں کے ایڈیشنل چیف سکریٹری عادل ماجد نے کہا کہ میپنگ کا عمل پہلے ہی شروع ہو چکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان کے بعد اِس میں تیزی آئے گی اور توقع ہے کہ 30 اپریل سے قبل سروے کا کام پورا کر لیا جائے گا۔

پناہ گزینوں کے لیے اقوام متحدہ کے ہائی کمیشنر کے مطابق، پاکستان میں دو اعشاریہ 18 ملین ایسے افغانی موجود ہیں جن کے پاس دستاویزات ہیں۔ اِن میں ایک اعشاریہ تین ملین پناہ گزینوں کے پاس اندراج کا ثبوت یعنی POR کارڈز ہیں، اور 2017 میں اندراج کی ایک مہم کے بعد 8 لاکھ 80 ہزار اضافی پناہ گزینوں کو ACC کارڈ جاری کیے گئے ہیں۔ اگست 2021 میں طالبان کے ذریعے اقتدار پر قبضہ کرنے کے بعد افغانی، پاکستان آئے تھے۔
حکام کے مطابق جو افغان پاکستان میں آئے تھے اُن کی تعداد 6 سے 8 لاکھ کے درمیان تھی۔×

## Pak AFG Refugees

پاکستان نے، تقریباً دس لاکھ باضابطہ دستاویز رکھنے والے افغانیوں کو واپس افغانستان بھیجنے کی اپنی بازآبادکاری کی مہم کا دوسرا مرحلہ شروع کر دیا ہے۔ اِسی کے ساتھ ضلع حکام اور پولیس کو احکامات دیئے گئے ہیں کہ وہ ملک بھر میں اِن لوگوں کو تلاش کریں اور ان کے بارے میں اعداد و شمار جمع کریں۔ رپورٹ نے کہا کہ صورتحال سے متعلق ایک سرکاری ذرائع نے بتایا ہے کہ ضلع انتظامیہ اور پولیس کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ وہ، افغان سیٹیزن کارڈ، ACC رکھنے والوں کی تفصیلات منضبط کرنے کے کام میں تیزی لائیں۔ ابھی تک کسی بھی اعداد و شمار کا اعلان نہیں کیا گیا ہے البتہ ایک سرکاری افسر نے کہا کہ پاکستانی وفاقی حکومت کی جانب سے عمل درآمد کرنے کے احکامات ملنے
کے بعد ACC رکھنے والوں کی بازآبادکاری کی مہم کا کام، موسم گرما کے اوائل سے وسط موسم گرما میں شروع ہو سکتا ہے۔ خیبر پختونخواں کے ایڈیشنل چیف سکریٹری عادل ماجد نے کہا کہ میپنگ کا عمل پہلے ہی شروع ہو چکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان کے بعد اِس میں تیزی آئے گی اور توقع ہے کہ 30 اپریل سے قبل سروے کا کام پورا کر لیا جائے گا۔

پناہ گزینوں کے لیے اقوام متحدہ کے ہائی کمیشنر کے مطابق، پاکستان میں دو اعشاریہ 18 ملین ایسے افغانی موجود ہیں جن کے پاس دستاویزات ہیں۔ اِن میں ایک اعشاریہ تین ملین پناہ گزینوں کے پاس اندراج کا ثبوت یعنی POR کارڈز ہیں، اور 2017 میں اندراج کی ایک مہم کے بعد 8 لاکھ 80 ہزار اضافی پناہ گزینوں کو ACC کارڈ جاری کیے گئے ہیں۔ اگست 2021 میں طالبان کے ذریعے اقتدار پر قبضہ کرنے کے بعد افغانی، پاکستان آئے تھے۔
حکام کے مطابق جو افغان پاکستان میں آئے تھے اُن کی تعداد 6 سے 8 لاکھ کے درمیان تھی۔×

### Russia Mourning

روس میں ماسکو میں ایک پر ہجوم کنسرٹ ہال پر جمعہ کے روز ہوئے حملے میں 137 لوگوں کی ہلاکت کے بعد ایک دن کا سوگ منایا گیا۔

صدر ولادیمیر پوتن کے ذریعہ حملے میں ملوث افراد کا پتہ لگا کر انہیں سزا دینے کا عہد کرنے کے بعد انہوں نے کل ایک دن کے قومی سوگ کا اعلان کیا تھا۔ ماسکو کی Basmanny ضلع عدالت نے حکم دیا ہے کہ کنسرٹ ہال حملے کے پہلے مشتبہ شخص کو دو مہینے جیل میں رکھا جائے گا اور انکوائری ہوگی۔

روسی حکام نے کہا ہے کہ گیارہ افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔ ان میں چار بندوق بردار شامل ہیں جو کنسرٹ ہال سے فرار ہوکر Bryansk خطے میں پہنچ گئے تھے۔ دہشت گرد گروپ داعش نے اس حملے کی ذمہ داری لی ہے۔x

### Tenis Miami Open

ٹینس میں گذشتہ رات امریکہ کے فلوریڈا کے میامی گارڈنس میں، روہن بوپنا اور میتھیو Ebden کی بھارت-آسٹریلیا کی جوڑی، Simone Bolelli اور Andrea Vavassori کی اٹلی کی جوڑی کے خلاف ایک سخت تین سیٹ کے میچ کھیلنے کے بعد، میامی ماسٹرس ATP 1000 کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہے۔ روہن اور Ebden اٹلی کے کھلاڑیوں کے خلاف فتح حاصل کر کے اس راؤنڈ میں پہنچے ہیں۔ اِس سال کے اوائل میں تاریخی آسٹریلیائی اوپن فائنل کے بعد دونوں جوڑیوں کے درمیان یہ دوسرا مقابلہ تھا، جس میں روہن نے میچ کے ڈبلس میں پہلی مرتبہ گرینڈ سلام ٹائٹل جیتا تھا۔ اب بھارتی-آسٹریلیا جوڑی کا مقابلہ، آج رات 2023 کے آسٹریلیائی اوپن کے فائنلسٹ Hugo Nys اور Jan Zielinski سے ہوگا۔ x

### IPL

اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے، غزہ میں اسرائیل اور فلسطین گروپ حماس کے درمیان فوری طور پر جنگ بندی اور تمام یرغمالیوں کی فوری اور غیر مشروط رہائی کے لیے آج پہلی مرتبہ ایک قرارداد کو منظوری دی ہے۔

14 ممالک نے اس قرارداد کے حق میں ووٹ دیئے، البتہ، اسرائیل کا سب سے بڑا حامی امریکہ، ووٹنگ سے غیرحاضر رہا۔

اقوام متحدہ میں امریکی سفیر Lind Thoms Greenfield یہ کہتے ہوئے جنگ بندی کی قرارداد کو منظور

کرنے میں تاخیر کے لیے حماس کو موردِ الزام قرار دیا کہ یہ نا اتفاقی ہی ووٹنگ سے امریکہ کی غیرحاضری کا سبب بنی۔

7 اکتوبر کے حملوں کے بعد سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اسرائیل-حماس جنگ پر تقسیم ہو گئی ہے۔ اِس نے 8 قرار دادوں میں صرف دو کو منظوری دی ہے۔ یہ دونوں قراردادیں بنیادی طور پر تباہ حال غزہ پٹی میں انسانی بنیادوں پر مدد کرنے سے متعلق ہیں۔ ×

☆☆☆☆☆☆☆